PBA
PAKISTAN BROADCASTERS ASSOCIATION

Dear Sir,

Secretariat

Please broadcast the following PBA Press Release in News Bulletins / Tickers on your esteemed channel.

PRESS RELEASE URDU

پاکستان براڈ کاسٹرز ایسو سی ایشن نے ایگزیکٹ کے ٹی وی چینل بول پر میزبان عامر لیاقت کی جانب سے نامور صحافیوں ،سول سوسائٹی کے ارکان اور پی بی اے ارکان کے خلاف نفرت انگیز تقریراور تشدد پر اکسانے کے اقدام کی مذمت کی ہے -

بیان میں کہا گیا ہے کہ عامرلیاقت پر ماضی میں بھی نفرت انگیزتقریر کرنےاورتشدد پر اکسانے کا الزام لگ چکا ہے ۔بیان کے مطابق برطانوی حکومت نے انہیں وجوہات پر عامر لیاقت کے برطانیہ میں داخلے پر پابندی لگا رکھی ہے - بیان میں کہا گیا ہے کہ پی بی اے ہر قسم کی نفرت انگیز تقریر کی مذمت کرتی ہے اور سول سوسائٹی اور صحافیوں کے ساتھ ہے۔پی بی اے ۔حکومت ،پیمرا ،قانون نافذ کرنےوالے حکام اور عدلیہ کو متاثرین کی حفاظت کیلیے امور کی ادائیگی اور اسےاپنےمفاد کیلیے ہتھیار کے طور پر استعمال کرنےوالوں کے خلاف کارروائی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے -

پی بی اے کے بیان میں کہا گیا ہے کہ ایگزیکٹ کے خلاف پاکستان سے دنیا بھر میں جعلی ڈگریوں کے کاروبار پر مقدمہ چل رہا ہے -
پی بی اے کے مطابق نیویارک ٹائمز نے پہلی بار یہ اسٹوری مئی 2015 میں بریک کی اور بعد میں امریکی ایف بی آئی نے بھی تصدیق کی کہ ایگزیکٹ جعلی ڈگریوں کی ویب سائٹ چلا رہا تھا۔ایگزیکٹ کے اسپانسرز کے بینک اکاونٹس ان سرگرمیوں کی وجہ سے امریکا میں منجمد کیے جا چکے ہیں ۔ایگزیکٹ کے ایک سینئر عہدیدار کو امریکا میں دسمبر 2016 کےد وران گرفتار بھی کیا گیا ۔امریکی جسٹس ڈپارٹمنٹ میں ایگزیکٹ کے ملازم کے خلاف 150ارب روپے سے زائد کا مقدمہ بھی چلایاجا رہا ہے ۔پاکستان میں اس کیس کی تحقیقات ایف آئی اے کر رہی ہے ۔تاہم تمام چاروں پراسیکیوٹرز نامعلوم وجوہات کے باعث استعفی دے چکے ہیں اور ابھی تک ان کی جگہ کسی کو نہیں مقرر کیا گیا -

Sincerely for,
Pakistan Broadcasters Association

Muhammad Ali Butt
Executive Director

177/2, 1st Floor, I.E.P. Building, Liaquat Barracks, Shahrah-e-Faisal, Karachi.
Phones: +92-21-32793083, 32793089, 32793075, Fax: +92-21-32793045,
info@pba.org.pk / www.pba.org.pk